”میری تعریف میں ایسے حد سے نہ گزرو، جیسے عیسائی لوگ عیسی ابن مریم (علیہ السلام) کی تعریف میں حد سے گزر گئے میں تو محض اللہ کا بندہ ہوں اس لیے مجھے اللہ کا بندہ اور اس کا رسول کہو“

عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ میں نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ و سلم کو کہتے ہوئے سنا: ”میری تعریف میں ایسے حد سے نہ گزرو، جیسے عیسائی لوگ عیسی ابن مریم (علیہ السلام) کی تعریف میں حد سے گزر گئے میں تو محض اللہ کا بندہ ہوں اس لیے مجھے اللہ کا بندہ اور اس کا رسول کہو“

[صحيح] [رواه البخاري]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم اپنی تعریف میں افراط کے شکار ہونے اور شرعی حد سے آگے بڑھنے، آپ کو اللہ کے اوصاف اور اس کے خاص افعال سے متصف قرار دینے، اللہ کے بارے میں غیب کو جاننے کا دعوی کرنے اور آپ کو اللہ کے ساتھ پکارنے سے منع فرمایا ہے جیسا کہ نصرانیوں نے عیسی ابن مریم علیہ السلام کے ساتھ کیا پھر بتایا کہ آپ اللہ کے بندوں میں سے ایک بندے ہیں اور اس بات کا حکم دیا کہ ہم آپ کو اللہ کا بندہ اور اس کا رسول کہیں

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3406